رہبر معظم کا سنندج کے امام جمعہ ماموستا مجتہدی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 26 /Apr/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے خبرگان کونسل کے نمائندے اور سنندج میں اہل سنت کے امام جمعہ جناب ماموستا مجتہدی کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مصلح و فاضل عالم دین جناب ماموستا حسام الدین مجتہدی کی رحلت پر مرحوم کے محترم خاندان، پسماندگان اور کردستان کے انقلابی اور مؤمن عوام کو تعزیت پیش کرتا ہوں۔ مرحوم ماموستا مجتہدی رحمہ اللہ علیہ شافعی مسلک کے ممتاز عالم دین ، خبرگان کونسل میں نمائندے اور سنندج میں اہلسنت کے امام جمعہ تھے۔

مرحوم نے علاقہ میں بہت سے شاگردوں کی تربیت کی اور گرانقدر خدمات انجام دیں اور وہ مسلمانوں کے درمیان انقلاب اسلامی کے اتحاد پر مبنی پیغام کے ہمیشہ وفادار رہے ، مرحوم ، اسلامی فرقوں کے درمیان اتحاد کے جذبے کے ساتھ خدمات انجام دیتے رہے ۔

میں اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت و مغفرت کا طلبگار ہوں۔

سید علی خامنہ ای

6/ اردیبہشت/ 1393